# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تاریخ ادب اردو۔۲ (8662) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایڈ (چار سالہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

سوال 1- دبستان لکھنو کے زیر اثر پیدا ہونے والی مختلف اصناف سخن پر تبصرہ کریں نیز بتائیں کہ ان اصناف سخن نے اردو ادب پر کیا اثرات ڈالے؟ (20)

سوال 2- دہلویت اور لکھنویت محض دو علاقے نہیں بلکہ دو ر ادبی رجحان بھی تھے۔ اس حوالے سے دونوں دبستانوں کے شعرا کی اہمیت بیان کریں اور مشترکہ ادبی خصائص کی نشان دہی کریں۔ (20)

سوال 3- نصاب میں اردو نثر کے ارتقا کے پہلے اور دوسرے دور سے کیا مراد ہے؟ دونوں ادوار پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال 4- فورٹ ولیم کالج کن ضرورتوں کے تحت بنایا گیا؟ تفصیل سے کالج کے محرکات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال 5- درج ذیل پر نوٹ لکھیں: (20)

i- فورٹ ولیم کالج کی تصانیف پر تبصرہ

ii- نیسویں صدی میں فورٹ ولیم کالج کے معاصر ادب کا جائزہ

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5 تا 9)

سوال 1- سر سید کے رفقا کی اردو نثر میں نمایاں خدمات بیان کریں، نیز اردو نثر کے اُن رجحانات پر تبصرہ کریں جو سر سید تحریک کے تحت فروغ پائے۔ (20)

سوال 2- مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں: (20)

i- مخزن کی تحریک

ii- اردو میں رومانوی تحریک کے اہم مصنف

سوال 3- اقبال کی تحریک سے کیا مراد ہے؟ نیز تحریک اقبال کے اردو ادب پر اثرات پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال 4- کیا ترقی پسند تحریک نے شاعری اور افسانے دونوں پر اثرات مرتب کیے؟ تفصیل سے جواب تحریر کریں۔ (20)

سوال 5- پاکستان میں زبان و ادب کے حوالے سے صنف طنز و مزاح پر اپنی رائے کا اظہار کریں، نیز اس صنف میں لکھنے والے معروف مزاح نگاروں کا تعارف بھی کرائیں۔ (20)